A Publication of Majlis Khuddamul Ahmadiyya Canada

APRIL 2026

# AN NIDA

## Is marijuana haram?

The misconception arises within the young Ahmadi Muslim demographic that weed has many medical and recreational benefits, with little side effects to write it off instantly





# SAY NO TO DRUGS



AN-NIDA MAGAZINE

A publication of MKAC - Since 1989



## Holy Quran



## Hadith



06

## Promised Messiah[as]



07

## Guidance from Huzoor Anwar[aa]

# CONTENTS





13 WHY DO WE BELIEVE IN PROMISED MESSIAH
THE AWAITED MESSIAH (AS)



## Publication Team

**Sadr Majlis**
Murabbi Shahrukh Rizwan Abid

**Chief Editor**
Murabbi Abdul Noor Abid

**English Editor**
Abdal Ahmad Mangat

**Urdu Editor**
Hasoor Ahmad Eqan

**Muhtamim Isha'at**
Murabbi Rezwan Mohammad

**Review Board**
Ahmed Sahi
Murabbi Nabil Mirza
Murabbi Sadiq Ahmed
Murabbi Umar Akbar
Murabbi Tahir Mahmood

**Content & Creative Team**
Hannan Ahmad Qureshi
Ataul-Karim Gohar
Asad Ali Malik
Samar Faraz Khawaja
Frasat Ahmad Basharat
Hazqeel Khan
Tamseel Rana
Safeer Ahmad

HOLY

# QURAN

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا

الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى

**"O ye who believe! Do not approach prayer when you are not in full possession of your senses"**

(4:44)

# HADITH

كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَمَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ

**"Every intoxicant is unlawful and whatever causes intoxication in large amounts, a small amount of it is (also) unlawful."**

*Sunan Ibn Majah 3392*

EXCERPT

# PROMISED MESSIAH عليه السلام

"You who claim to possess understanding! Know that this world is not eternal, so take hold of yourselves. Eschew all immoderation and abstain from every type of intoxicant. It is not alcohol alone that ruins a person. Opium, ganja, charas, bhang, tarhi (palm wine) and all other addictions are similarly destructive. They ruin the mind and destroy lives. So, shun all such substances. I cannot understand why one would choose to indulge in these intoxicants when, year on year, they claim the lives of thousands of addicts—not to mention the torment of the hereafter."

**(Noah's Ark, pp. 115-114)**



GUIDANCE FROM

# HUZOOR ANWAR

MAY ALLAH BE HIS HELPER

Umar Sahib (a khadim) sought advice on how to navigate the challenges and temptations common in college environments, such as exposure to drugs, alcohol, social pressures, etc. Huzoor (aa) responded:

"Allah Ta'ala says:

هُمْ عَنِ ٱللَّغْوِ مُعْرِضُونَ

'They shun all that which is vain' (Surah al-Mu'minun, Ch.23: V.4).

When you see all this nonsense, turn your face [away] from them and turn the other way; this is how you can save yourself.

Recite the following repeatedly:

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

'I seek refuge with Allah, from Satan, the accursed.'

Also recite:

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ أَتُوْبُ إِلَيْهِ

'I beg pardon from Allah, my Lord, for all my sins, and turn to Him.'

Moreover, offer your five daily prayers and pray to Allah that he saves you from all those bad things; the evils of society."

EASY TO ENTER, HARD TO EXIT



# IS MARIJUANA HARAM?

**"The misconception arises within the young Ahmadi Muslim demographic that weed has many medical and recreational benefits, with little side effects to write it off instantly. And that in the Quran only alcohol has been made forbidden, there is no such mention of weed or any recreational drugs."**


The Canadian Cannabis Survey reports that since the legalization of Marijuana in 2018, 29% of Canadians have smoked weed in the past 12 months. A Whopping 12 million Canadians have either smoked weed or consumed THC products within the past year. With this statistic in mind of how widespread the usage of weed has become within the last 8 years, the misconception arises within the young Ahmadi Muslim demographic that weed has many medical and recreational benefits, with little side effects to write it off instantly. And that in the Quran only alcohol has been made forbidden, there is no such mention of weed or any recreational drugs. Thus leading even Ahmadi youth to explore this avenue with the mindset that it's harmless and has zero effects on my faith. This prompts the question, **what exactly is Islam's take on this hot topic?** Is weed permissible? Is it not? And what proof do we have to further strengthen our stance?



**the misconception arises within the young Ahmadi Muslim demographic that weed has many medical and recreational benefits, with little side effects to write it off instantly. And that in the Quran only alcohol has been made forbidden, there is no such mention of weed or any recreational drugs.**



**According to statistics nearly 1 in 3 people you meet have used it in the last year.**




Total Estimated Canadian population:
41 Million

# WHAT EXACTLY IS ISLAM'S TAKE ON THIS HOT TOPIC?

The Holy Prophet (sa) is recorded to have said while giving the definition of alcohol; "Every intoxicant is alcohol, and every alcohol is forbidden" (Sunan an-Nisa'i kitabul Ashriba). This narration of the second Caliph of Islam clearly defines what constitutes an intoxicant, and according to Hadhrat Umar (ra), every single thing that intoxicates a person, whether its alcohol, weed, drugs, or psychedelics, Islam has classified them as forbidden. With this interpretation of intoxicants in mind, alcohol, similar to weed, are both known to impair judgement and cloud one's thought process. And it is for this reason God Almighty commanded us to avoid even the act of prayer while our minds are in this state of intoxication.

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى

**“Oh ye who believe, do not come near prayer while you are in a state of intoxication” (4:44).**

For how can such a holy act of worship be performed when one cannot even give his full attention to the prayer. According to the Government of Ontario, being impaired classifies as being under the influence of alcohol, drugs, or both, further proving that if one is incapable of having enough focus to stay on the road or show up for work, how is he expected to have enough concentration and focus in a ritual such as prayer which requires continuous attention and pondering. And this lack of sense isn't just limited to prayer, it expands to other aspects of a muslim's life; a muslim is commanded to serve his parents, to control his anger, to be patient in times when patience seems almost impossible, yet how is he expected to do this when his own moral compass is affected from smoking weed. For this reason Islam has prohibited alcohol and all other intoxicants as a whole as their reaction on the mind and body are fundamentally the same.




# WHAT IF WE SMOKE, BUT NOT TO THE POINT WHERE WE LOSE OUR SENSES?

After establishing that weed is in fact prohibited and falls under the classification of other intoxicants in Islam, the next question that tends to be brought up is; **“what if weed is used minimally, what if we smoke, but not to the point where we lose our senses?”** The simplest and most concise response to this is a beautiful saying of the Holy Prophet (sa);

كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَمَا أَسْكَرَ كَثِيْرُهُ فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ

**“Every intoxicant is unlawful and whatever causes intoxication in large amounts, a small amount of it is (also) unlawful”.**



**“what if weed is used minimally, what if we smoke, but not to the point where we lose our senses?”**

From this we see the insight of our beloved Prophet (sa) and his understanding of human behaviour and tendencies. Nowadays especially, we find ourselves struggling to control minor things such as our sugar intake or our screen time. It's human to enjoy something, or to be fond of something and to crave and want more and more of it. Some of us are strong willed and are able to control our cravings and desires, however many of us have not yet reached a level where we have full control over these things. This is something our beloved Prophet (sa) understood very well that man is prone to becoming dependent on a thing, and intoxicants in their nature are addictive, thus this precaution has been put in place that if something intoxicates you in a large quantity then, the smaller quantity is also forbidden.



# DOES IT AFFECT US SPIRITUALLY?

And finally, the question; **“we understand that weed is bad for our health, but how does it affect us spiritually?**” In addition to not even being able to pray the 5 daily prayers due to intoxication, which is the crux of worship and our purpose in life, Hadhrat Musleh Maud (ra) once expressed his displeasure from members of the Jama’at smoking hookah, he stated, “Even if those men who smoke hookah were to receive revelation from God, do they think that their revelation and the revelation of one who doesn’t smoke hookah is the same?” (Anwar-ul-Uloom, Vol.4). Beyond the issue of halal and haram, there are certain acts that while they are allowed in Islam they aren’t necessarily the best for improving our connection with God, among which Hadhrat Musleh Maud (ra) explains, is the act of smoking. Now if we take this result from smoking regular tobacco or hookah which isn’t prohibited in Islam, simply disliked, what result can we take from weed, which is not only mainly smoked but on top of that prohibited in Islam? The result we can take is that not only do we incur sin from using it, affect our physical and psychological health, but we also impact our spiritual health and our bond with God almighty. It’s an act that is filthy in nature and stops a user from his prayers, and even if he were to get over that hurdle, his relationship to the Almighty would not nearly be as strong as if he didn’t use weed.

Taking everything into account, the prohibition of weed and other intoxicants similar in nature are clear as day in Islam, but not without evidence and solid proof. The definition of the Holy Prophet (sa) of what an intoxicant is, clearly labels weed as an intoxicant to protect Muslims from its negative consequences. And the saying of the Holy Prophet (sa) furthermore takes all intoxications, and prohibits them in any and every quantity to safeguard us from being dependent and reliant on them. Most importantly the logic and wisdom in each saying and narration prove that Islam didn’t prohibit weed to stop us from having fun or enjoying ourselves, but it took into account the harm of weed on both the body and spirit and to protect our faith and progress, Islam in its infinite wisdom prohibited its followers to use weed, alcohol, and all other intoxicants so one can develop his spiritual connection to God.



**By Basil Butter**
**4th year Jamia Student**

# THE AWAITED MESSIAH

## عليه السلام

By Tamseel Ahmad Rana
1st year Jamia Student



**We as Ahmadi Muslims believe that Jesus of Nazareth has passed away and the awaited Messiah was to be from the ummah of Muslims, as prophesied by The Holy Prophet (sa). Yet many of us may not be aware of the theological basis of this belief. The Holy Quran and Hadith in this regard help ground us in understanding why we believe that Jesus of Nazareth (as) has indeed passed away.**

In Islam, among its sects, there is almost a unanimous belief in the descent of the Messiah near the Day of Judgement. This is called the "Latter Days" in English, the "Akhir al-Zaman" in Arabic. Authentic narrations on the coming of the Messiah are narrated through so many different chains that they cannot be rejected. Belief in the coming of the Messiah is an important part of Islam. For example, in Sahih al-Bukhari it is written:

"كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيكُمْ وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ"

"How will you be when the Son of Mary descends amongst you, and your Imam is from among you"

[Sahih al-Bukhari 3449]

Narrations such as these are the reason that Muslims worldwide think Jesus, son of Mary, will quite literally descend from the heavens. However, when we turn to take a look at the Holy Quran we find something which looks like a contradiction between Islamic beliefs. The Holy Quran states:

"وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ"

"And Muhammad is but a Messenger. Verily, the Messengers have passed away before him."

[Holy Quran 3:145]

The word الرُّسُلُ (the Messengers) includes all prophets and leaves no exception for Jesus, son of Mary. This verse means all Messengers before the Holy Prophet (sa) have passed away. This is just one verse out of more than 30 that clearly prove the death of Jesus (as).

Due to such glaring and apparent contradictions, non-Ahmadi Muslims for centuries have reinterpreted such explicit verses to include the belief of Jesus (as) coming from the heavens. For example, for the aforementioned verse, they would add "many" Messengers have passed away before him, whereas this is not the real meaning. These reinterpretations are weak, and do not address the root of the issue.

Hazrat Masih Maud (as) was told by God Almighty explicitly:

"مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور اُس کے رنگ میں ہو کر وعدہ کے موافق تو آیا ہے"
وکان وعد الله مفعولا انت معی وأنت علی الحق المبین أنت
مصیب ومعین للحق"

[Urdu] The Messiah son of Mary, Messenger of Allah, has died and infused in his colour you have come according to the Promise.

[Arabic] And the Promise of God was bound to be fulfilled. You are with Me and you stand upon the manifest truth and you are upon the right, and supporter of the truth.

[Ruhani Khazain Izala-e-Auham Part 2 Vol. 3, pg. 402]

The revelations, and divinely guided words of Hazrat Mirza Ghulam Ahmad (as) solved the millennia-long disputes about the coming of the Messiah. And the Holy Quran and authentic narrations no longer contradicted each other.

The real meaning of the Holy Prophet's (sa) words was therefore proven to be that a man from among the Muslims themselves would lead the Muslims and would be given the title of "Jesus son of Mary" as he would be infused in his

colour. This means this prophesied Messiah of the Muslims would be similar to Jesus in disposition, and would reform the corrupt Muslims as Jesus (as) came to reform the corrupt Jews. The Prophet (sa) said, "You will follow the wrong ways of your predecessors so completely and literally that if they should go into the hole of the lizard, you too will go there." We said, "O Allah's Messenger (sa)! Do you mean the Jews and the Christians?" He replied, "Whom else?"
[Sahih al-Bukhari 3456]

In another narration, the Prophet (sa) stated:

"ليأتينَّ على أمَّتي ما أتى على بني إسرائيل حَذوَ النَّعلِ بالنَّعلِ"

"What befell the children of Israel (Jews) will befall my Ummah, just like one shoe is a copy of another."
[Jami` at-Tirmidhi 2641]

The state of the Muslims now is exactly like the state of the Jews who waited for the physical descent of Elijah (as). When Jesus (as) told them that his coming was fulfilled in the spirit of John the Baptist (as), they refused and sought to punish him in court. Such is the case of the Muslims today; they sought to punish The Messiah, Hazrat Mirza Ghulam Ahmad (as), in court many times, but ultimately failed. Hence, if the Muslims have become exactly like the Jews, then they warrant a Jesus-like figure for their revival.

This is why in the initial famous Hadith on the coming of the Messiah it reads: "How will you be when the son of Mary descends amongst you and your Imam is from among you". The words, "and your Imam is from among you," clearly prove that the Messiah of the Muslims would be born among Muslims themselves and would be a Jesus-like figure rather than Jesus himself. God has limited the scope of Jesus' (as) message Himself:

"وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْۤ اِسْرَآئِيْلَ"

"And we made him a Messenger to the children of Israel"
[Holy Quran: 3:50]

These few verses of the Holy Quran, and Hadith are basic references which explain what Ahmadi Muslims believe. Any seeker of truth can understand the truth with the slightest bit of reflection upon them.

---

## Khalifatul Masih IV (rh) states:

"The pursuit of pleasure in every sphere of life requires change and novelty to provide a greater kick. Things, which used to satisfy in the past, no longer do now. Smoking and traditional intoxicants fail to provide the kick, which the progressively restless society requires. Drugs of all sorts begin to appear and no measure whatsoever taken to suppress the menacing trend of drug-addiction is enough. Yet, the drug addict still requires a greater kick. So a stronger, more addictive and lethal drug like crack is invented."

(Islam's Response to Contemporary Issues, pp. 72-73)

# Khalifatul Masih IV(rh) states:

"To find time for light entertainment is neither bad nor prohibited in Islam. But ... if, instead of providing a genuine outlet for the stresses of life, entertainment becomes an objective in itself, it would be condemned as *laghw* (vain and wasteful) in the Quranic terminology. When entertainment begins to interfere in the daily pursuits of life or takes a toll upon one's time, which could be better spent otherwise, it too would be classified as vain..."

(Islam's Response to Contemporary Issues, p. 111)

مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا کا ماہوار رسالہ

اپریل 2026

# النداء


## منشیات وقتی سکون اور مستقل تباہی

منشیات وقتی سکون اور خوشی کا دھوکہ دیتی ہیں، مگر حقیقت میں یہ انسان کی صحت، ذہن، ایمان اور مستقبل کو تباہ کر دیتی ہیں۔



AN-NIDA MAGAZINE

مجلہ الندا، شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا سنہ ۱۹۸۹



# ہر ایک نشہ کی چیز کو ترک کرو






04 قال اللّٰہ

05 قال الرسول ﷺ







06 کلام الامام امام الکلام

08 فرمان خلیفۂ وقت

# فہرست






خالدِ احمدیت
15 مولانا ابو العطاء جالندھری صاحب

## اشاعت ٹیم

**صدر مجلس**
شاہ رخ رضوان عابد صاحب مربی سلسلہ

**مُدیر اعلیٰ**
عبد النور عابد صاحب مربی سلسلہ

**مدیر اردو**
حصور احمد ایقان صاحب

**مہتمم اشاعت**
رضوان محمد صاحب مربی سلسلہ

**مدیر انگریزی**
ابدال احمد مانگٹ صاحب

**ریویو بورڈ ٹیم ممبران**
صادق احمد صاحب مربی سلسلہ

**ٹیم ممبران**
عطاء الکریم گوہر صاحب
اسد علی ملک صاحب
ثمر فراز خواجہ صاحب
فراست احمد بشارت صاحب

**ڈیزائن**
حنان احمد قریشی صاحب

# قال اللہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ
وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ
فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! یقیناً مدہوش کرنے والی چیز اور جوّا اور بت (پرستی) اور تیروں سے قسمت آزمائی یہ سب ناپاک شیطانی عمل ہیں۔ پس ان سے پوری طرح بچو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

سورۃ المائدہ:91

# قال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم


عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلاً قَدِمَ مِنْ جَيْشَانَ - وَجَيْشَانُ مِنَ الْيَمَنِ - فَسَأَلَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ شَرَابٍ يَشْرَبُونَهُ بِأَرْضِهِمْ مِنَ الذُّرَةِ يُقَالُ لَهُ الْمِزْرُ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَوَمُسْكِرٌ هُوَ . قَالَ نَعَمْ . قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ إِنَّ عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ عَهْدًا لِمَنْ يَشْرَبُ الْمُسْكِرَ أَنْ يَسْقِيَهُ مِنْ طِينَةِ الْخَبَالِ . قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ وَمَا طِينَةُ الْخَبَالِ قَالَ عَرَقُ أَهْلِ النَّارِ أَوْ عُصَارَةُ أَهْلِ النَّارِ

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص جیشان سے آیا اور جیشان یمن میں ہے۔ اس نے نبی ﷺ سے ایک مشروب کے متعلق پوچھا جو ان کے علاقہ میں لوگ پیتے ہیں جو مکئی سے بنائی جاتی ہے اسے مزر کہا جاتا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا کیا وہ نشہ دینے والی ہے؟ اس نے کہا جی ہاں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ اللہ عزوجل نے عہد کیا ہے کہ جو نشہ آور چیز پیئے گا کہ وہ اسے طینۃ الخبال پلائے گا۔ لوگوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! طینۃ الخبال کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا دوزخیوں کا پسینہ ہے یا دوزخیوں کا نچوڑ ہے۔

(صحيح مسلم، كتاب الأشربة، باب نمبر ۷، حديث نمبر ۲۰۰۲)

# کلام الامام امام الکلام

فرمان حضرت مسیح موعودؑ



اے عقلمندو! یہ دنیا ہمیشہ کی جگہ نہیں تم سنبھل جاؤ۔ تم ہر ایک بے اعتدالی کو چھوڑ دو ہر ایک نشہ کی چیز کو ترک کرو، انسان کو تباہ کرنے والی صرف شراب ہی نہیں بلکہ افیون، گانجا، چرس، بھنگ، تاڑی اور ہر ایک نشہ جو ہمیشہ کے لئے عادت کر لیا جاتا ہے وہ دماغ کو خراب کرتا اور آخر ہلاک کرتا ہے سو تم اس سے بچو۔ ہم نہیں سمجھ سکتے کہ تم کیوں ان چیزوں کو استعمال کرتے ہو جن کی شامت سے ہر ایک سال ہزارہا تمہارے جیسے نشہ کے عادی اس دنیا سے کوچ کرتے جاتے ہیں اور آخرت کا عذاب الگ ہے۔ پرہیز گار انسان بن جاؤ تا تمہاری عمریں زیادہ ہوں اور تم خدا سے برکت پاؤ۔ حد سے زیادہ عیاشی میں بسر کرنا لعنتی زندگی ہے۔

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد 19، صفحہ 70-71)



# فرمانِ خلیفہ وقت

مجھے پتہ لگا ہے کہ یہاں ہمارے بعض نوجوان لڑکے اور لڑکیاں یہ شیشہ استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں اِس میں نشہ نہیں ہے یا کبھی کبھی استعمال کرنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ کوئی حرج نہیں ہے۔ یاد رکھیں کہ یہ کبھی کبھی کا جو استعمال ہے ایک وقت آئے گا جب آپ بڑے نشوں میں ملوث ہو جائیں گے اور پھر اُس سے پیچھے ہٹنا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔

(ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل لندن۔ مؤرخہ 7 تا 13 فروری 2014ء، صفحہ 7)



# حقہ بہت بری چیز ہے ہماری جماعت کے لوگوں کو یہ چھوڑ دینا چاہئے

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ
(انوار العلوم جلد 9، منہاج الطالبین، صفحہ 163-164)



# منشیات: وقتی سکون مستقل تباہی

تحریر از حرقیل احمد خان

آج کا نوجوان ایک ایسے دور میں جی رہا ہے جہاں ہر طرف دباؤ اور آزمائشیں موجود ہیں۔ سوشل میڈیا، دوستوں کا اثر، اور وقتی خوشی کی تلاش انسان کو با آسانی غلط راستوں کی طرف لے جا سکتی ہے۔ انہی غلط راستوں میں سے ایک خطرناک راستہ منشیات کا ہے۔

آج کی دنیا میں جہاں ترقی، آزادی اور خود مختاری کے نام پر ہر چیز کو جائز سمجھ لیا گیا ہے، وہاں نوجوانوں کو خاص طور پر اپنے اصولوں کو مضبوطی سے تھامنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ جب بنیادیں کمزور ہو جائیں تو عمارت زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتی۔ اسی طرح جب ایمان اور کردار کمزور ہو جائے تو انسان چھوٹی سی چھوٹی آزمائشوں میں بھی مبتلا ہو جاتا ہے۔

منشیات وقتی سکون اور خوشی کا دھوکہ دیتی ہیں، مگر حقیقت میں یہ انسان کی صحت، ذہن، ایمان اور مستقبل کو تباہ کر دیتی ہیں۔ جو چیز ابتداء میں "مزہ" لگتی ہے، وہ آہستہ آہستہ انسان کو اپنا غلام بنا لیتی ہے۔

ابتداء میں انسان یہ سوچتا ہے کہ وہ اس پر قابو رکھ سکتا ہے، لیکن وقت کے ساتھ ساتھ یہی چیز اس پر قابو پا لیتی ہے۔ انسان اپنی مرضی سے نہیں بلکہ اپنی کمزوریوں کے ہاتھوں مجبور ہو کر جینے لگتا ہے۔ اس کا وقت، اس کی صحت، اس کے تعلقات، سب کچھ متاثر ہونے لگتا ہے۔

قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

(سورۃ المائدہ: 91)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! یقیناً مدہوش کرنے والی چیز اور جوا اور بت (پرستی) اور تیروں سے قسمت آزمائی یہ سب ناپاک شیطانی عمل ہیں۔ پس ان سے پوری طرح بچو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

یہ آیت ہمیں صاف بتاتی ہے کہ نشہ صرف ایک عادت نہیں، بلکہ شیطان کا جال ہے جو انسان کو اللہ سے دور کر دیتا ہے۔



یہ صرف ایک ذاتی نقصان نہیں بلکہ ایک معاشرتی بیماری بھی ہے۔ جب ایک فرد نشے کا شکار ہوتا ہے تو اس کا اثر اس کے گھر، اس کے دوستوں اور پوری سوسائٹی پر پڑتا ہے۔ اس لئے اسلام نے اس برائی کو جڑ سے ختم کرنے کا حکم دیا ہے۔

رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

"كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ"




یعنی ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ (صحیح مسلم، کتاب الاشربہ)

بھائیو! سوچو، جو چیز اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے حرام قرار دی، کیا اس میں واقعی کوئی بھلائی ہو سکتی ہے؟

اگر اس میں کوئی حقیقی فائدہ ہوتا تو اسلام کبھی اسے مکمل طور پر منع نہ کرتا۔ اسلام ہمیشہ انسان کی بھلائی، صحت اور کامیابی کو سامنے رکھ کر احکام دیتا ہے۔

لیکن اسلام صرف منع نہیں کرتا، بلکہ ایک بہتر راستہ بھی دکھاتا ہے۔

اسلام ہمیں صرف "نہ کرو" نہیں کہتا بلکہ یہ بھی سکھاتا ہے کہ "کیا کرو" تاکہ انسان ایک پاکیزہ اور متوازن زندگی گزار سکے۔

آج کا نوجوان سکون تلاش کر رہا ہے — کبھی گانے بجانے میں، کبھی دوستوں میں، کبھی نشے میں۔ مگر یاد رکھو بھائیو! حقیقی سکون صرف اللہ کے ذکر میں ہے۔

دنیا کی ہر خوشی عارضی ہے، ہر لطف وقتی ہے، مگر اللہ کا قرب دائمی ہے۔ جو شخص اللہ کے ساتھ تعلق جوڑ لیتا ہے، وہ اندرونی سکون پا لیتا ہے جو کسی اور ذریعے سے حاصل نہیں ہو سکتا۔

اسی لئے قرآن کریم نے یہ خوبصورت نسخہ عطاء کیا:

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

(سورۃ الرعد: 29)




ترجمہ: سنو! اللہ ہی کے ذکر سے دل اطمینان پکڑتے ہیں۔

یہ آیت ایک حقیقت کو بیان کرتی ہے جو ہر انسان اپنی زندگی میں محسوس کر سکتا ہے۔ جب دل بے چین ہو، جب مسائل بڑھ جائیں، جب کوئی راستہ نظر نہ آئے، تب اللہ کا ذکر انسان کے دل کو سکون دیتا ہے۔

نماز صرف ایک فرض نہیں، بلکہ ایک روحانی طاقت ہے۔ جب انسان سجدے میں جاتا ہے، تو وہ دنیا کے تمام بوجھ اللہ کے حوالے کر دیتا ہے۔ جو سکون ایک سچے سجدے میں ہے، وہ دنیا کی کسی نشے میں نہیں۔

نماز انسان کو نظم و ضبط سکھاتی ہے، اسے وقت کی پابندی کا عادی بناتی ہے، اور سب سے بڑھ کر اسے اللہ کے قریب کرتی ہے۔ ایک نمازی شخص کے اندر وہ قوت پیدا ہو جاتی ہے جو اسے برائیوں سے بچاتی ہے۔

اسی طرح روزہ، قرآن کی تلاوت، اور نیک صحبت انسان کے دل کو مضبوط بناتے ہیں۔ جب انسان اپنے ماحول کو بہتر بناتا ہے تو اس کے خیالات اور عادات بھی بہتر ہونے لگتے ہیں۔

انسان اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے، اس لئے اچھے دوستوں کا انتخاب بہت ضروری ہے۔ ایسے دوست جو نماز کی طرف بلائیں، جو برائی سے روکیں، اور جو آپ کو اللہ کے قریب کریں، وہی حقیقی دوست ہیں۔

بری صحبت سے بچیں، اپنے وقت کو مثبت کاموں میں لگائیں، قرآن پڑھنے اور سمجھنے کی عادت ڈالیں، باقاعدگی سے نماز ادا کریں، اور اللہ سے دعا کریں کہ وہ آپ کو مضبوط بنائے۔

اپنے دن کا ایک شیڈول بنائیں، اپنے مقاصد طے کریں، اور اپنی زندگی کو ایک مقصد کے ساتھ گزاریں۔ بے مقصد زندگی اکثر انسان کو غلط راستوں کی طرف لے جاتی ہے۔

نشہ چھوڑنا آسان نہیں ہوتا، مگر ناممکن بھی نہیں۔ اگر کوئی نوجوان اس میں مبتلا ہے، تو اسے مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ اللہ کی رحمت بہت وسیع ہے۔

ہر گناہگار کے لئے توبہ کا دروازہ کھلا ہے، اور اللہ اپنے بندوں کو معاف کرنے میں سب سے زیادہ مہربان ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ انسان سچے دل سے پلٹ آئے۔




اس لئے فرمایا:

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ

(سورۃ الزمر: آیت 54)

ترجمہ: اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔

اگر انسان سچے دل سے توبہ کرے اور کوشش کرے، تو اللہ اس کی مدد فرماتا ہے۔ آہستہ آہستہ وہ بری عادتیں چھوٹنے لگتی ہیں اور انسان ایک نئی زندگی کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔

بھائیو! تم امت کا مستقبل ہو۔ تمہاری طاقت، تمہاری پاکیزگی، اور تمہارا ایمان ہی تمہیں کامیاب بنائے گا۔ وقتی خوشیوں کے پیچھے اپنی زندگی برباد نہ کرو۔

تمہارے اندر بے شمار صلاحیتیں ہیں، تم بڑی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہو، لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ تم اپنے آپ کو ان چیزوں سے بچاؤ جو تمہیں کمزور کرتی ہیں۔

نشہ وقتی سکون دیتا ہے، مگر نماز ہمیشہ کی خوشی دیتی ہے۔ اپنے دل کو سجدے کا عادی بنالو، کیونکہ جو انسان اللہ کی قربت کو اپنا نشہ بنالے، اسے کسی اور نشے کی ضرورت نہیں رہتی۔

اللہ کرے کہ ہم سب دنیا کی برائیوں سے محفوظ رہنے والے ہوں۔ اللہ ہمیں سچی توبہ کی توفیق دے، ہمیں اپنی عبادت میں لذت عطا فرمائے، اور ہمیں ہر اس چیز سے بچائے جو ہمیں اس سے دور کرتی ہے۔ آمین۔



# نشہ کے عادی کا انجام

نشہ کے عادی کو اس دنیا میں بھی ضرور سزا ملتی ہے خواہ وہ محسوس کرے یا نہ کرے کہ اس کا نشہ سے تعلق ہے۔ سزا کو تو محسوس کرتا ہے مگر یہ علم نہیں کہ میرے نشہ نے ہی میرے لئے مصیبت ڈالی ہوئی ہے۔...اس کو جو سزا ملتی ہے وہ تو ملے گی ہی لیکن ”آخرت کا عذاب الگ ہے۔“

(خطبات طاہر جلد 17 صفحہ 97)

اب دنیا میں جتنے بھی Drug Addicts یعنی خطرناک نشوں کے عادی لوگ ہیں جو لاکھوں، کروڑوں، اربوں روپیہ ایسی زہریلی دواؤں پر خرچ کر رہے ہیں جن سے وقتی طور پر ان کو خمار آجاتا ہے، ہستی آجاتی ہے۔ بعض دفعہ وہ سمجھتے ہیں کہ ہم ملکے پھلکے ہو گئے ہیں اور اوپر اڑ رہے ہیں۔ اس قسم کی وقتی اور آنی جانی کیفیات ہیں جو وہ اپنے اوپر طاری کر لیتے ہیں۔ ان کو یہ خوب علم ہے کہ ان لوگوں کا کتنا خطرناک انجام ہوتا ہے۔ یا وہ پاگل ہو کر مر جاتے ہیں یا ہزار قسم کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ان کے اعصاب ٹوٹ جاتے ہیں۔ وہ دوائیاں ان کو نہیں مل سکتیں پھر وہ جرائم میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور بڑے بڑے بھیانک جرائم کرتے ہیں کہ کسی طرح وہ دوائی حاصل ہو جائے۔ یہ تو نہیں کہ ان کو علم نہیں ہے کہ وہ کیا کر رہے ہیں پر طبیعت ادھر نہیں آتی۔ طبیعت میں جو کجی پیدا ہو جاتی ہیں کہ ان قوم نہیں ہے کہ وہ کیا کر رہے یا بدی کی لذت پیدا ہو جاتی ہے وہ لذت ان کو برائیوں پر مجبور کرتی رہتی ہے۔

(خطبات طاہر جلد اول صفحہ 266)



# 40 دن

حضرت اقدسؑ نے حکیم نورالدین صاحبؓ سے سوال کیا کہ کتنے عرصہ کے بعد انسان کسی نشہ کا ایسا عادی ہو جاتا ہے کہ پھر اسے چھوڑ نہیں سکتا اور مجبور ہوتا ہے حکیم صاحب نے کہا کہ کسی جگہ شاید نظر سے تو نہیں گزرا مگر چالیس دن میں ایسا ہو سکتا ہے۔

حضرت اقدسؑ نے فرمایا:

ہر ایک شے کے لئے چالیس دن ہی ہیں بات یہ ہے کہ شراب اور اس کے بھین بھرا (بھنگ افیون وغیرہ) ایسی خراب شے ہیں کہ ان سے مٹی پلید ہوتی ہے مگر پھر وہ مذہب کیسے اچھا ہو سکتا ہے جس میں ایسی تعلیم ہو۔ ہاں ایک صورت ہے کہ نشہ چھوٹ سکے کہ جیل خانہ میں بند ہوں داروغہ بھی ایسا ہو کہ کسی سے سازش نہ کرے پھر شاید عادت چھوٹ جاوے۔

(ملفوظات جلد سوم، صفحہ 280)

# خالدِ احمدیت

## مولانا ابو العطاء جالندھری صاحب

تحریر از نور الدین چوہدری




اِنَّ اللّٰہَ اشۡتَرٰی مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اَنۡفُسَہُمۡ وَاَمۡوَالَہُمۡ بِاَنَّ لَہُمُ الۡجَنَّۃَ ؕ
یُقَاتِلُوۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ

یقیناً اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے اموال خرید لئے ہیں تا کہ اس کے بدلہ میں اُنہیں جنت ملے۔
وہ اللہ کی راہ میں قتال کرتے ہیں۔ (سورۃ التوبہ، آیت 11)

جب بھی ہم کسی علم یا ہنر میں کمال حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہم اس میدان عمل کے ہنر مند کو دیکھتے ہیں۔ فٹ بال ہو تو Cristiano Ronaldo کو دیکھتے ہیں یا باسکٹبال ہو تو Lebron James کو دیکھ لیا۔ پس یہ بات ثابت شدہ ہے کہ ہر صورت میں انسان ایک نمونہ کا محتاج ہے۔

مستقبل کے مبلغین کے لیے ایک بہترین نمونہ **مولانا ابو العطاء جالندھری صاحب** ہیں جن کی کچھ اعلیٰ نمونہ کی مثالیں میں قارئین کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ لیکن قبل از میں آپ کا مختصر سا تعارف کروا دیتا ہوں۔



آپ کی پیدائش 1904 میں ہوئی اور آپ کا پیدائشی نام اللہ دتا تھا مگر آپ اپنے تخلص ابو العطاء سے زیادہ مشہور ہیں۔ آپ کے والد صاحب کو 1902 میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ہاتھ پر بیعت کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ آپ صاحب کشف والہام تھے۔ اور آپ کو اکثر اوقات سچی خوابیں نصیب ہوتی تھیں۔ آپ کی انکساری اور فروتنی تھی کہ آپ اپنی صادقانہ خوابوں و الہامات کا ذکر کم کرتے تھے۔[1]

مولانا صاحب محض چار سال کے تھے جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا وصال یار ہوا لیکن مولانا صاحب بیان کرتے تھے کہ اس چھوٹی عمر میں بھی انہیں یاد ہے جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام ایک روز گلی میں پیدل چل رہے تھے کہ حضور علیہ السلام کی مبارک نظر ان پر پڑی۔ مولانا صاحب بیان کرتے ہیں کہ اس "مبارک نظر" نے ان کے معصوم دل پر ایسا گہرا اثر چھوڑا کہ وہ رعب اور روحانی کشش انہیں تمام عمر یاد رہی۔[2]

ہم نے یہ مصرہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے مبارک کلام سے بارہا مرتبہ سننے کا موقع ملا ہے کہ

**تم میں اسلام کا ہو مغز، فقط نام نہ ہو**[3]

آپ انہی بابرکت الفاظ کے شاندار مظہر تھے۔

آپ نے اپنی زندگی میں 263 سے زائد مضمون اور کتب تصنیف فرمائیں۔

آپ نے مشہور عالمی رسالہ الفرقان شروع کیا۔ ایسا رسالہ جو 26 دراز سال تک جاری رہا۔ اور آپ نے اس رسالہ کے اخراجات خود اٹھائے۔

مولانا صاحب پر حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کو اتنا اعتماد تھا کہ آپ نے 1931 میں ایک مناظرہ کے موقعہ پر تحریر فرمایا کہ ''میں مولوی اللہ دتا صاحب کو...اپنا نمائندہ مقرر کرتا ہوں...میری طرف سے اور جماعت احمدیہ کی طرف سے مباحثہ کریں اور ان کا ساختہ پرداختہ کلی طور پر میری طرف سے سمجھا جائے گا۔ (الفضل 27 جون 1931)

چنانچہ آپ کو حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے 1956 کے جلسۂ سالانہ ربوہ کے موقعہ پر خالد احمدیت کے لقب سے نوازا۔ یہ خطاب آپ رضی اللہ عنہ نے صرف تین اشخاص کو عنایت فرمایا۔ ان کے علاوہ مولانا جلال الدین شمس صاحب اور مولانا عبد الرحیم درد صاحب تھے۔ حضرت مصلح موعودؓ نے اس خطاب کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ مولانا ابو العطاء صاحب مذہبی مناظروں کے وہ جرنیل ہیں جنہوں نے کبھی شکست نہیں کھائی۔

آپ کو 1974 میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے وفد میں جو نیشنل اسمبلی پاکستان کے سامنے پیش ہونا تھا اس میں بھی شامل ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ اس کے علاوہ بھی آپ نے بے شمار خدمات سرانجام دیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ابو العطاء صاحب ربوہ میں نمایہ بزرگان میں سے تھے۔ نظر آتا تھا کہ یہ تمام لوگ انسانوں کے روپ میں فرشتے ہیں۔ اسی طرح آپ کو عربی زبان میں بھی مہارت حاصل تھی۔ حضرت مولانا صاحب عربوں کے ساتھ ان سے بھی زیادہ روانی سے عربی میں بات کرتے تھے۔ عرب طلباء کے سوال کے جواب میں دس دس، پندرہ پندرہ منٹ لگاتار عربی میں بات کرتے تھے اور عرب ان کی روانی اور بات کے انداز اور اخلاق سے بڑے متاثر ہوتے تھے۔

آپ کے فرزند مولانا عطاء المجیب راشد صاحب لکھتے ہیں کہ 1953 میں جماعت نازک حالات کی وجہ سے میں کبھی کبھار پریشان ہو جاتا تھا۔ ایک موقع پر اتنا پریشان ہوا کہ میرے والد محترم نے اس پیشگوئی کی طرف توجہ دلائی کہ

اِنَّا نُنَفِّسُ كُلَّ كُرْبَةٍ مِنْ كُرُبَاتِ الدُّنْيَا

''ہم دنیا کی تمام آزمائشوں اور فتنوں کو اڑا دیں گے۔''

عطاء المجیب راشد صاحب ایک اور واقعہ بیان کرتے ہیں کہ میرے والد صاحب کی جب حائفہ میں پوسٹنگ تھی تو وہ ایک روز رات کے وقت کبابیر کی جانب ایک دوست کے ساتھ ایک پروگرام سے واپس جا رہے تھے۔ راستہ میں جنگل سے گزر رہے تھے کہ انہیں محسوس ہوا کہ کوئی جھاڑیوں میں ہے۔ لیکن اس خیال کو کوئی توجہ نہ دی اور وہ آگے بڑھتے گئے۔ کچھ دیر بعد گولیاں چلنے کی آواز سنی لیکن انہوں نے اسے ایک اتفاقی واقعہ سمجھا اور اس پر زیادہ توجہ نہ دی۔

والد صاحب فرماتے تھے کہ چنانچہ وہاں کچھ مخالف احمدیہ لوگ تھے جو کچھ عرصے سے مجھے مارنے کی کوشش کر رہے تھے۔ اس رات دو نوجوانوں نے دو نئی بندوقیں ابھی خریدیں تھیں اور میرے اور میرے دوست کے منتظر تھے۔ اور جب ہم ان کے پاس سے گزرے تو ان میں سے ایک نے مجھ پر گولی چلائی لیکن اس کی بندوق کام نہ آئی پھر دوسرے شخص نے مجھ پر گولی چلانے کی کوشش کی اور وہ بھی کام نہ آئی۔ لیکن اس دوران ہم ان کے قتل کی کوشش سے بالکل بے خبر تھے۔ ہم بغیر کسی نقصان کے آگے بڑھے، ان سے آگے بڑھنے کے بعد، دونوں نے اپنی نئی بندوقیں دوبارہ چلائیں اور وہ بالکل ٹھیک چل رہی تھیں۔ خدا تعالیٰ کی مدد اور حفاظت تھی جس کی وجہ سے ہم بچ گئے کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ جب ان بندوقوں کا نشانہ اسلام کے دو مجاہدوں پر تھا، تو قادر مطلق خدا نے انہیں بندوق چلانے سے روک دیا۔



اسی طرح والد صاحب نماز کے ہمیشہ پابند تھے۔ چنانچہ جب ربوہ میں گھر ہوتا تھا تو بعض اوقات شدید گرمی ہو جاتی تھی۔ لوگ اپنے گھر میں ہی نماز ادا کرتے تھے۔ اتنی شدید گرمی میں بھی میرے والد صاحب تولیہ سے سر ڈھانپتے، ایک گلاس پانی پیتے اور نماز کے لیے مسجد جاتے۔ اتنی شدید گرمی کے پیش نظر کئی مواقع پر میں نے انہیں یہ آیت پڑھتے سنا:

نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا

جہنم کی آگ جلن کے لحاظ سے زیادہ سخت ہے۔

(سورۃ التوبہ، آیت 81)

آپ کی صادقانہ زیست کا خلاصہ اس شعر سے ہو سکتا ہے

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

(علامہ اقبال)

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان بزرگ کی اعلیٰ مثال کا اتباع کرنے کی توفیق دے۔ آمین!

1. "Cherished Memories of My Father, Maulana Abul Ata Jalandhari – Part I." Al Hakam. Accessed April 2026 ,30. https://www.alhakam.org/cherished-memories-of-my-father-maulana-abul-ata-jalandhari-part-i.
2. Hayat-e-Khalid
3. Kalam-e-Mahmood



